**06/04/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  مسرت شاہ سے خبریں سُنئے**

**امت شاہ**

**وزیر داخلہ امت شاہ آج سے جموں و کشمیر کا تین روزہ دورہ کر رہے ہیں ، جس دوران وہ خطے کی سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیں گے۔وہ سالانہ شری امرناتھ جی یاترا اور یونیفائیڈ ہیڈ کوارٹر کی دو اہم الگ الگ سیکورٹی جائزہ میٹنگوں کی صدارت کریں گے۔**

**توقع ہے کہ بات چیت انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں، سرحد پار سے دراندازی کی کوششوں اور جموں و کشمیر میں سیکورٹی کے مجموعی منظر نامے پر مرکوز ہوگی۔**

**دریں اثنا وزیر داخلہ سرینگر سے کروڑوں روپے کی مالیت کے کئی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد بھی رکھیں گے ۔وہ جموں میں بی جے پی کے ایم ایل ایز سے ملاقات بھی کریں گے ۔**

**لوک سموردھن پرو**

**اقلیتی امور کے مرکزی وزارت کی طرف سے آج سرینگر میں کشمیریونیورسٹی کے کنونشن سینٹر گراؤنڈ میں" سب کا ساتھ، سب کا وِکاس" نظریہ کے تحت" لوک سموردھن پرو" کااہتمام کیا جا رہا ہے ۔ اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رججو اس پرو کا افتتاح کریں گے۔**

**اس نمائش میں25 ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے100سے زیادہ دستکار حصہ لے کر اپنے فن پاروں کی نمائش کریں گے۔**

**13 اپریل تک جا ری رہنے والے اس پروگرام میں وزیراعلیٰ عمرعبداللہ خاص مہمان جبکہ اقلیتی امور، فشریز اور پشووپالن کے مرکزی وزیر مملکت جارج Kurian مہمان ذی وقار کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔**

## ایل جی ملاقات

اشیش کمار چوہان نے لیفٹیننٹ CEO نیشنل اسٹاک ایکسچینج آف انڈیا کے منیجنگ ڈائریکٹر اور گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔ جس دوران انہوں نے مالی خواندگی اور صنعتی ترقی سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔

نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی ۔ Isha Koppikar دریں اثناءبالی ووڈ اداکارہ

## درخشاں اندرابی

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے کہا ہے کہ وقف املاک اور جائدادوں کو استحصالی عناصر سے بچانے کے لئے وقف قوانین میں ترمیم وقت کی ضرورت ہے ۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ یہ ترامیم مسلمان طبقے کے مفادات میں ہیں۔

-------

ڈاکٹر درخشان نے کہا کہ وقف بورڈ سرینگر میں اعلیٰ معیار کے جدید ترین کینسر اسپتال کی تعمیر کا منصوبہ عملا رہا ہے ۔

-------

واضح رہے کہ آکاشوانی نیوز سرینگر کو دئے گئے انٹرویو پر مبنی یہ خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے نو بجے آکاشوانی سرینگر، آکاشوانی جموں اور آکاشوانی کے دیگر سٹیشنوں سے بیک وقت نشر کیا جائے گا۔

## چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ نشہ مکت جموں کشمیر صرف ایک مہم نہیں بلکہ نوجوانوں کی حفاظت اور مستقبل کو محفوظ بنانے کا ایک مشن ہے ۔ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت پانچ ماہ طویل آئی ای سی مہم کا باضابطہ آغاز کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لوگوں کو نہ صرف منشیات سے دور رکھا جائے بلکہ مقصد کے حصول کے لئے صحیح راستوں کی طرف رہنمائی کی جانی چاہئے ۔

چیف سیکرٹری نے ہدایت دی کہ ضلعی انتظامیہ عوام کی شمولیت کو یقینی بنائیں اور فیلڈ سطح کی سرگرمیوں میں فعال طور پر شامل رہیں ۔

کولگام

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت کولگام میں بھی ایک بیداری پروگرام منعقد کیا گیا ۔ اس موقعہ پر ڈپٹی کمشنر اطہر عامر خان نے ہمارے نمائندے خورشید پڑرو کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

----

ٹولپ گارڈن

سرینگرکے مشہور الزماں باغ گلہ لالہ میں روز بہ روز سیاحوں کی تعداد میں اضافہ ہو تا جا رہا ہے۔ کل مزید43 ہزار 814 سیلانیوننے باغ کی سیر کی۔

اس طرح اب تک مجموعی طور پر تین لاکھ 8 ہزار 256 سیاحوں نے ٹولپ گارڈن کا نظارہ کیاہے ۔ان میں مقامی ، ملکی اور غیر ملکی سیلانی بھی شامل ہیں۔

آگ

ترال میں قائم شاہ ہمدان دارلعلوم دوران شب آگ کی ایک واردات میں خاکستر ہو گیا ہے ۔ پولیس ذرائع کے مطابق اس واقعے میں ایک طالب علم لقمہ اجل بن گیا جبکہ چھ دیگر زخمی ہوئے ہیں ۔

رام نومی

رام نومی کا تہوار آج ملک بھر میں مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ،لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ،وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور کئی وزراءنے رام نومی کے موقعہ پر مبارک باد دیتے ہوئے عوام کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18اعشاریہ 1ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ